## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین سے فون پر گفتگو

## وزارت عظمٰی کے انتخاب میں ایم کیوایم کی جانب سے حمایت کرنے اور ووٹ دینے پر شکریہ ادا کیا

لندن ۔۔ 25 مارچ 2008ء ۔۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے آج انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کرکے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے گفتگو کی اوروزارت عظمٰی کے انتخاب میں ایم کیوایم کی جانب سے ان کی غیرمشروط حمایت کرنے اورایم کیوایم کے ارکان کی جانب سے انہیں ووٹ دینے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات کے پیش نظر آپ نے قومی مفاہمت کیلئے ہماری حمایت کا جو فیصلہ کیا اس پر پیپلزپارٹی ہی نہیں بلکہ پوری قوم آپ کی شکرگزار ہے ۔ جناب الطاف حسین نے وزارت عظمٰی کے منصب پر فائز ہونے پر وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹوزرداری، شریک چیئرمین آصف زرداری، پیپلزپارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں کو اپنی، متحدہ قومی موومنٹ کے تمام رہنماؤں، کارکنوں اورعوام کی جانب سے زبردست مبارکباد پیش۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کوان کے صاحبزادے کی شادی کی بھی مبارکباد پیش کی۔

## میاں نوازشریف قوم سے اپنے وعدہ کو پورا کرتے ہوئے ڈاکٹر قدیرخان کو رہا کرائیں ۔ طارق جاوید

## وعدہ وفا کرنے کا تقاضہ یہ ہے کہ جب تک ڈاکٹر قدیر رہا نہیں ہوجاتے نوازشریف حکومت سازی کے عمل میں شریک نہ ہوں

لندن ۔۔۔ 25 مارچ 2008ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید نے مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نوازشریف کومخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب جبکہ معزول ججز رہا ہوگئے ہیں تو میاں نوازشریف قوم سے کئے ہوئے اپنے اس وعدہ کو بھی پورا کریں جس میں انہوں نے قوم سے وعدہ کیا تھا کہ ہم قومی ہیرو ڈاکٹرعبدالقدیرخان کو رہا کرائیں گے۔ طارق جاوید نے کہا کہ اخلاقی طور پر اور وعدہ وفا کرنے کا تقاضہ یہ ہے کہ جب تک ڈاکٹرعبدالقدیرخان رہا نہیں ہوجاتے نوازشریف وفاق اورصوبے میں حکومت سازی کے عمل میں شریک نہ ہوں اوراگران کوحکومت سازی کے عمل میں شریک ہونا ہے تو ان کا قومی فرض ہے کہ وہ قوم سے کئے ہوئے وعدے کے مطابق بتائیں کہ وہ کب ڈاکٹرقدیرخان کو رہا کروائیں گے۔ آخر میں طارق جاوید نے کہا کہ کیوں کہ نوازشریف کا انتخابی نشان شیر ہے لٰہذا وہ بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے میرے اس بیان کا جواب ضرور دیں۔

## ہمایوں زیدی مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے لندن میں تعزیتی اجتماع

لندن ۔۔۔ 25، مارچ 2008ء ۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن میر ہمایوں علی زیدی مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایک تعزیتی اجتماع ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان، پاکستان سے آنے والے رابطہ کمیٹی کے اراکین، سابق حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران اورایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے شرکت کی ۔ اس موقع پر ہمایوں زیدی مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں مرحوم کے بلند درجات، سوگوارلواحقین کیلئے صبرجمیل اورحق پرستانہ فکروفلسفہ کی کامیابی کے علاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وعافیت کیلئے خصوصی دعائیں کی گئی۔

## لندن میں رابطہ کمیٹی کے رکن محمداشفاق کی والدہ محترمہ کا سوئم

لندن ۔۔۔ 25، مارچ 2008ء ۔۔۔۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق کی والدہ محترمہ عائشہ بیگم کے سوئم کے سلسلے میں لندن میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع ہوا جس میں مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع میں اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان، پاکستان سے آنے والے رابطہ کمیٹی کے اراکین، سابق حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ

جات کے ذمہ داران، ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان، ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ خواتین کی ذمہ داران، کارکنان، ایم کیوایم یوکے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، برطانیہ کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اوران کے اہل خانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی اور فاتحہ خوانی کی گئی۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں مرحومہ کے بلند درجات، رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق سمیت تمام سوگوارلواحقین کیلئے صبرجمیل، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے اورحق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی کےعلاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وعافیت کیلئےخصوصی دعائیں کی گئیں۔

## ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ہمایوں زیدی مرحوم کوسپردخاک کردیا گیا،سوئم بدھ کوبعدنمازظہرہوگا

## نمازجنازہ اورتدفین میں رابطہ کمیٹی،نومنتخب اراکین صوبائی اسمبلی،ٹاؤن ناظمین،تعلقہ ناظمین،

## ایم کیوایم کےمختلف شعبہ جات کے اراکین،علاقائی ذمہ داراوکارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔25، مارچ2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے سینئرکارکن اورایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن میر ہمایوں علی زیدی مرحوم کوآج سینکڑوں سوگواران کی آہوں اورسسکیوں کے درمیان عزیزآباد کےشہداءقبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحوم کی نمازجنازہ مسجدخیرالعمل انچولی میں ادا کی گئی۔اس سے قبل ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،نومنتخب اراکین صوبائی اسمبلی،ٹاؤن ناظمین، ایم کیوایم کےمختلف ونگزوشعبہ جات کے اراکین اورکارکنان نے مرحوم کا آخری دیدارکیا۔اس موقع پرانتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے، ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اورمرحوم کےعزیزواقارب شدت غم سے نڈھال تھےاور پھوٹ پھوٹ کررورہے تھے۔مرحوم کی نمازجنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی شاہدلطیف، اشفاق منگی،نومنتخب حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی فیصل سبزواری، امام الدین شہزاد، نثارپہنور، سیدمنظرامام، سیدرضاحیدر، محمدعادل، علیم الرحمٰن، وسیم احمد، اظہارالحسن، ڈاکٹرصغیراحمد، پرتاب سنگھ، ہربن داس، تعلقہ ناظم سکھرنعیم صدیقی، تعلقہ ناظم میرپورخاص غلام دستگیر، تعلقہ نائب ناظم میرپورخاص شفیق، حق پرست ٹاؤن ناظمین ڈاکٹرارشاد، محمدکمال، نائب ناظمین شعیب اختر، ریحان صدیقی، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج سلیم تاجک، کمیٹی کے دیگراراکین، ایم کیوایم کےمختلف ونگزوشعبہ جات کے ذمہ داران، میرپورخاص، حیدرآباد، ٹنڈوالہیار، سانگھڑ، قمبرشہدادکوٹ، عمرکوٹ، ٹھٹھہ اور بدین کے زونل انچارجز، زونل کمیٹیوں کے اراکین، ایم کیوایم کراچی کی سیکٹرکمیٹیوں کے اراکین، یونٹ انچارجز، یونٹ کمیٹیوں کے ارکان اورکارکنان کے علاوہ مرحوم کےعزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء ہمایوں زیدی مرحوم کا سوئم 26مارچ بروزبدھ کوبعدنمازظہران کی رہائشگاہ واقع ابوالحسن عثمانی روڈشیر ہائٹس میں ہوگا جبکہ بعدنمازعصرمرحوم کےایصال ثواب کیلئےمسجدخیرالعمل انچولی میں مجلس منعقدکی جائے گی۔

## ایم کیوایم لائینزایریاسیکٹرکےتحت پرنورمحفل نعت کاانعقاد

## ملک کےمعروف نعت خواں حضرات نے بارگاہِ رسالتﷺ میں ہدیہ نعت پیش کیا

کراچی۔۔۔25، مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لائنزایریاسیکٹرکے زیراہتمام جشن عیدمیلادالنبیﷺ کے سلسلے میں پیرکے روزروح پرورمحفل میلادکا اہتمام کیا گیاجس میں ملک کےمعروف نعت خواں صدیق اسماعیل، عزیزالدین خاکی، ناصریامین اوردیگرنعت خواں حضرات نے شرکت کی اور بارگاہِ رسالتﷺ میں ہدیہ نعت پیش کیا۔محفل میلادمیں نومنتخب حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی رضاہارون،عسکری تقوی، جمشیدٹاؤن کےحق پرست ٹاؤن ناظم جاویداحمداورنائب ناظم ضیاءالدین کےعلاوہ ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور علاقے کےعوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔محفل نعت کی پرنورمحفل درودوسلام کی صداؤں کے ساتھ رات گئے تک جاری رہی۔بعدازاں اجتماعی دعا کرائی گئی جس میں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی، دہشت گردی اورانتہاءپسندی کے خاتمے کےعلاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے بھی خصوصی دعا کی گئی۔

☆☆☆☆☆